جز 7: ضلع والدینی شمولیت کی پالیسی (DPIP)

(تمام زمرہ I اسکولوں کے لیے لازمی ہے)

ہدایات: تمام زمرہ I اضلاع سے ضلعی والدین کی شمولیت کی پالیسی (DPIP) تیار کرنا مطلوب ہے جو زمرہ I کے لیے والدین کی شمولیت کی مطلوبات کی تکمیل کرتی ہو۔ DPIP میں یہ بیان ہونا چاہیئے کہ آپکا ضلع موثر والدینی شمولیت کی سرگرمیوں اور / یا طالبانہ تعلیمی حصولیابی اور اسکول کی کارکردگی کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی اور نفاذ کس طرح کرے گا۔

نوٹ:

- **عملی منصوبے میں بیان کیے گئے والدین پر مشتمل کسی بھی عملی منصوبے / حکمت عملی کو ضلعی والدین کی شمولیت کی پالیسی میں شامل کیا جانا چاہیئے۔**
- **ضلعی قیادتی ٹیم کے دستخط کے صفحے پر انتخاب کنندہ نمائندگان کے دستخط یہ نشان دہی کرتے ہیں کہ جائزے، فروغ دہی، نفاذ اور ضلعی والدینی شمولیت کی پالیسی کی منظوری کے دوران مشاورت کی جا چکی ہے۔**
- **مہتمم کے دستخط حصہ 2 میں: اسکول کی قیادتی ٹیم (DLT) دستخط کا صفحہ DPIP کی منظوری کی تصدیق کرتا ہے۔**
- *ضلعی والدین کی سمولیت کی پالیسی منظوری کے تاریخ سے لے کر دو تعلیمی سالوں کے منظور کی جاتی ہے اور یہ اس عرصے کے لیے نافذ العمل رہے گی اور ہر ایک تعلیمی سال میں اس کا جائزہ لیا جائے گا۔*

ضلع 26 والدینی شمولیت کی پالیسی (DPIP)

اجتمائی اسکول ضلع 26

2017-2019 والدینی شمولیت کی پالیسی

ضلع 26 والدین کی شمولیت کی پالیسی والدین کو ان کے بچے کے پبلک اسکول تجربے سےباخبر، مشغول اور آگاہ رکھ کر اور والدین کو اسکول اور ضلعی سطح پر بنیادی منصوبہ بندی اور فیصلہ سازی کی میں سرگرم عمل طور پر شامل کر کے اسکولوں اور ہماری برادری کے مابین تعلق کو مستحکم کرتی ہے۔ ہم شمال مشرقی کوئنز کے تنوع کا عتراف کرتے ہیں، ہماری پالسی تمام والدین کی معاونت کرنے کے لیے ڈیزائین کی گئی ہے۔ والدین کی اسکول کی قیادتی ٹیموں، والدین کی انجمن، صدور کی کانسل اور ضلعی قیادتی ٹیم کے ممبر کے طور پر شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

ضلع 26 کی والدینی شمولیت کی پالیسی (PIP) نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے عمدہ اسکولوں کے لیے بنیادی ساخت کے پانچویں جز، اہل خانہ اور برادری کے مستحکم تعلقات سے مربوط ہے۔ پالیسی کو والدین کی ضروریات کی محتاط تشخیص اور ضلعی والدین شمولیت کے سابقہ پروگرام کی اثر پذیری کے جواب میں تشکیل دیا گیا تھا۔ ضلع 26 PIP کو صدور کانسل اور ضلعی قیادتی ٹیم کے ان تمام والدین ممبران کے باہمی تعاون سے تیار کیا گیا ہے جن سے مشاورت کی جا چکی تھی اور ان سے اپنے حلقہ احباب کی رائے لینے کے لیے ان سروے کرنے کی گذارش کی گئی تھی۔

تعلیمی تحقیق، والدین کی شمولیت اور طلبا کی کامیابی کے مابین مسلسل ایک مثبت باہمی ربط ظاہر کرتی ہے۔ اس لیے ضلع 26 PIP میں ذیل مرکزی اہداف شامل ہیں:

- والدین کے لیے موثر والدینی صلاحتیں کے حصول میں مدد کرنے کے لیے گھر - اسکول کی مستحکم شراکت کی تعمیر کرنا۔
- والدین کے لیے منصوبہ بندی اور فیصلہ سازی میں موثر انداز میں شمولیت کرنے کے لیے معلومات، تربیت اور مواقع فراہم کرنا۔
- سماجی اور جذباتی بہبود اور اہل خانہ کی مجموعی دماغی صحت کی معاونت کرنا۔
- والدین کی تعلیم کو اور طالبانہ حصولیابی کو بہتر بنانے میں ان کے کرادار کی آگہی اور فہم میں اضافہ کرنا۔
- مجموعی طور پر اسکول کی برادری کی جانب اہل خانہ کے مثبت رویے کو فروغ دینا۔

ضلعی 26 اہل خانہ قیادت ربط دہندہ والدینی شمولیت کی متعدد مواقع کی منصوبہ بندی اور ان کا انعقاد کرے گا؛ شمولیت کرنے والے تمام والدینی گروپ (والدین ربط دہندگان، اجتمائی تعلیمی کانسل، صدور کی کانسل، ضلعی قیادتی ٹیم) کے لیے محکمئہ تعلیم کی جانب سے معلومات کے تبادلے کو سہل بنائے گا اور والدین اور مہتمم کے مابین ربط کار کے طور پر خدمات انجام دے گا۔

انفرادی اسکول میں تعینات کردہ والدین ربط دہندگان، اسکول اور برادری کے مابین بطور ربط کار خدمات انجام دیں گے۔ والدین ربط دہندگان ہر ایک اسکول میں والدین کی تشخیص کردہ ضروریات کی بنیاد پر والدین کی ورکشاپس کا انعقاد کریں گے۔ ورکشاپس کے موضوعات میں ذیل شامل ہو سکتے ہیں: والدینی صلاحیتیں، سماجی اور جذباتی بہبود، انگریزی بطور نئی زبان (ENL) معاونت، تعلیم بالغان، CCLS، نئے نصاب کا مواد اور والدین کی گھر پر اپنے بچے کی مدد کرنے کی استطاعت کی تعمیر کرنے کے لیے نصاب پر مبنی ورکشاپ شامل ہیں۔ والدین ربط دہندگان والدینی شمولیت کے ضلعی پروگرام کی اثر پذیری کی تشخیص کرنے میں مدد کریں گے۔

ہماری والین کی شمولیت کے پرقوگرام کے مختلف ضلع 26 کے والدین کی تبدیل ہوتی اور متنوع ضروریات کو پورا کرنے کے لیے نوعیت اور شدت میں مختلف ہیں۔ ہمارے 2017-209 کے ضلع 26 کے DPIP اہداف ذیل ہوں گے:

- والدین کو منصوبہ بندی، سرمایہ عطا کیے گئے پروگراموں کا جائزہ لینے اور ان کو بہتر بنانے میں اور ضلع کی والدینی شمولیت کی پالیسی میں سرگرم عمل انداز میں شامل کرنا۔
- ضلعی قیادتی ٹیم کے اجلاس میں والدین کے ریاستی اور وفاقی سرمائے کے ذریعے چلنے والے پروگرام کے متعلق والدین کی تشویشات سے خطاب کرنا۔
- اسکول کے متعلق الیکڑانک ابلاغ کو superintendent@district26.org پر اور والدین کے تحریری تبصرات کو ذیل پر بھیجنے کی حوصلہ افزائی کرنا:

اجتمائی اسکول ضلع 26
Ms. Danielle Scala
اجتمائی مہتمم
61-15 Oceania St.
Bayside, NY 11364

- ضلعی قیادتی ٹیم صدور کی کانسل، والدین اساتذہ کی انجمن اور اجتمائی تعلیمی کانسل کی ضرورت کے مطابق مدد اور معاونت کرنا۔
- ضلع / اسکول بہتری کے ربط دہندہ (SDIL) ، سینیئر گرانٹ افسر، اور / یا روابط کی اعانت کے ماہرین حسب ضرورت تکنیکی معاونت فراہم کریں گے۔
- والدین کی تمام انجمنوں کو CCLS اور , کالج اور طرز معاش تعلیم اور تدریس کی حکمت عملیوں کی ورکشاپس فراہم کرنا۔
- تعلیمی سال کی ابتدا میں ایک ضلع معلوماتی اور استقبالیہ اجلاس کی میزبانی کرنا۔
- ضلع 23 ویب سائٹ (district 26.org) ، اور ٹوئٹر اور انسٹاگرام اکاونٹ (@D26Team) میں والدین کی رابطہ ای میل فہرست کو برقرار، تازہ ترین رکھ کر اور وسعت دے کر برقیاتی ابلاغ اور رسائی کی تعمیر کو جاری رکھنا۔
- اسکولی قائدین/پرنسپلوں کی اس بات کو یقینی بنانے میں معاونت کرنا کہ چانسلر کے ضابطے A-665 اور A-660 میں بیان کے مطابق تمام پہلو اور مطلوبات براری پر واضح ہیں۔
- نصابی ورکشاپس، والدین - اساتذہ کی بات چیت کرنے حوصلہ افزائی کرنے اور اسکول کے بعد گھر پر سرگرمیوں کی تعلیم کی پیشکش کرنے و، طلبا کی پیشرفت پر بات چیت کرنے والی اسکول پر مبنی ورکشاپوں کی اعانت کرنا اور والدین کی اپنے بچوں کی حصولیابی کو بڑھانے میں مدد کرنے کے لیے گھر - اسکول سرگرمیوں کو توسیع دینا۔
- ضلع، اسکول کو ترجمہ اور ترجمانی کی پالیسی کا نفاذ کرنے میں رہنمائی اور تکنیکی مدد فراہم کرنا جاری رکھے گا۔ نہایت اہم پیغامات جن کا ترجمہ کرنے کی ضرورت ہے ان کا ترجمہ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے ذریعے فراہم کیا جاتا ہے۔ دیگر اہم ضلعی / اسکول کے دستاویزات کا ترجمہ ضلع یا اسکول کے ذریعے کی

جائے گا۔ ترجمہ اور ترجمانی کی پالیسی کے متعلق مخصوص سوالات کو ترجمہ اور ترجمانی کے یونٹ کو ذیل پر بھیجا جا سکتا ہے 718-752-7373 یا . translations@schools.nyc.gov

- جب بھی ممکن ہو والدین کے اجلاس میں تجمہ اور ترجمانی کی فراہمی کو جاری رکھنا۔ ضلع کے مواد اور ضلعی اجلاس میں ترجمانی کی خدمات مینڈرین، کینٹونیز، کوریائی، ہسپانوی، بنگالی، عربی، اور اردو میں حسب ضرورت یا درخواست کرنے پر دستیاب ہوتی ہیں۔
- اسکولوں کی ذیل میں مدد کر کے اسکولی سطح پر والدینی شمولیت کی حوصلہ افزائی کرنا:

- والدین استاد کی انجمنیں قائم کرنا
- اسکول - والدین معاہدہ کو تشکیل دینا
- والدینی شمولیت کی پالیسیوں کو فروغ دینا
- اسکولی قیادتی ٹیم میں والدین کی نمائندگی کو 50% تک برقرار رکھنا
- والدین کی رضاکاری میں شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کرنا اور اس کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا

ضلع 26 قیادت خاندانی ربط کاران والدینی شمولیت پروگرام کی منصوبہ بندی اور اس کا نفاذ کرتے ہیں اور والدینی حقوق اور ضرویات کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے یہ اجتمائی ضلع، ضلعی تعلیمی کانسل، صدور کی کانسل، والدین کی انجمنوں، اسکولی قیادتی ٹیموں کے ساتھ باہم مل کر کام کرتے ہیں۔ ذیل کی تشخیص، منصوبہ بندی کرنے اور بہتر بنانے کے لیے ضلع 26 اہل خانہ ربط دہندہ اور SDIL والدین کی انجمنوں سے ملاقات کرتے ہیں: تعلیمی پروگرام ہمارے طلبا کی ضروریات کی تکمیل کرتے ہیں اور ہمارے اسکول کی ان اہداف کے حصول میں مدد کرنے کے لیے والدین سرگرم عمل کردار ادا کرنے کے قابل ہیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی والدین شمولیت کی پالیسی اور ضلعی جامع تعلیمی منصوبہ بنانا۔

ابلاغ

اطلاعات کو والدین میں تقسیم کیا جانا چاہیئے بشمول ذیل کے، لیکن انہی تک محدود نہیں:

تحریری ابلاغ

- اسکول کی قیادتی ٹیم کے اجلاس کے نوٹس
- اجتمائی ضلعی تعلیمی کونسل کے اجلاس کا نوٹس
- مختلف اسکولوں اور پروگراموں کے لیے انتخاب کا دائرہ کار
- درخواست فارم / اسکول اور پروگراموں میں قبول کیے جانے کے خطوط
- کنڈر گارٹن اور پری کنڈر گارٹن کی معلومات
- ہنر مند اور قابل امتحان کی معلومات
- مڈل اسکول میں ترقی کی معلومات
- طلبا کی تقرری کے اطلاع نامے
- رجسٹریشن اور داخلے کی معلومات
- نئے مندرج ELL کے والدین کے لیے انتخاب کے خطوط
- اطلاع نامہ دولسانی /ENL خدمات جاری رکھنا / جاری نہ رکھنا
- خاص تعلیم حقوق، اجلاس، اور سماعت، امتحان کے اطلاع نامے
- والدین اساتذہ کی کانفرنسوں کی تواریخ
- رپورٹ کارڈ
- ترقی دینے / روکے جانے کے خطوط
- تعلیمی مداخلتی خدمات کے خطوط
- موسمِ گرما اسکول کے خطوط
- موسم گرما تعلیم اور تفریحی پروگرام کی معلومات
- معطلی اور سماعت اور فیصلوں / بے دخلی کے خطوط
- نظم و ضبط کے متعلق خطوط

- بیکن پروگرام اور بیکن رجسٹریشن معلومات
- ضلعی والدینی ورکشاپس کی معلومات
- ترجمہ، ترجمہ اور ترجمانی کے یونٹ سے دستیاب ہے

زبانی ابلاغ

- والدین - اساتذہ کانفرنسیں
- تعلیمی پیش رفت یا نظم و ضبط کے مسائل کے متعلق اسکولی عملے کے ساتھ اجلاس
- والدین کی شرکت کے ساتھ کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) اور ٹیم کے اجلاس
- ہنگامی صورت حال میں اطلاع نامے
- 311 خدمات کی درخواست کے جوابات اور بعد از جوابات۔
- اجتمائی ضلعی تعلیمی کونسل کے اجلاس
- ضلع پیما والدین کے اجلاس
- اسکول قیادتی ٹیم کے اجلاس
- انجمنِ والدین کا اجلاس

منظوری

اسکولی ضلع 26 کی اس والدینی شمولیت کی پالیسی کو مشترکہ طور پر، ضلعی قیادتی ٹیم کے والدین ممبران اور صدور کی کانسل کے والدین ممبران کی اتفاق رائے کے ساتھ تیار اور منظور کیا گیا ہے جس کا ثبوت ضلعی سطح کے اجلاس کے اطلاع نامے، حاضری کے دستاویز، اجلاس کے نکات، آرا کے فارم اور / یا ان اجلاس کے سروے کے فارم ہیں جن میں ضلعی والدینی شمولیت کی پالیسی کو بانٹا گیا تھا اور اس پر بات چیت کی گئی تھی۔ یہ ثبوت ضلعی دفتر کی فائل میں موجود رہے گا اور یہ جائزہ لیے جانے اور / یا شہری، ریاستی یا وفاقی افسران یا ان کے نمائندوں کی جانچ پڑتال کے موقوف پر ہے۔

اجتمائی اسکولی ضلع 26 کے لیے اس پالیسی کی منظوری ضلعی قیادتی ٹیم کے ذریعے 1 دسمبر، 2017 کو دی گئی تھی اور یہ دو سال کے عرصے کے لیے نافذ العمل رہے گی۔ س پالیسی کی حتمی اشاعت کو DCEP میں منسلکہ دستاویز کے طور پر شامل کیا جائے گا۔ اس پالیسی کو تمام اسکولوں اور صدور کی کانسل میں ضلع 26 کے اسکولوں کے والدین کے ذریعے بولی جانے والی زبانوں میں 30 جون، 2018 تک یا اس سے قبل تقسیم کیا جائے گا۔